مَا ثَبَتَ مِنَ السُّنَّةِ (عربی)



ایامِ اسلام

(اردو ترجمہ)

تصنیف

امام اہل سنت شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ترجمہ

مولانا علامہ مفتی غلام معین الدین نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اردو بازار لاہور

مَا ثَبَتَ مِنَ السُّنَّةِ (عربی)

ایّامِ اِسلام

(اُردو ترجمہ)

صبغۃ اللہ

پُورے سال کے مسنون اعمال و اشغال کا بیان
نیز ناجائز اور ممنوع رسموں کا رَدّ

— تصنیف —

امام اہل سنت شیخ محقق شاہ عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ

— ترجمہ —

مولانا علامہ مفتی غلام معین الدین نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ

ناشر
فرید بُک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اُردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام کتاب ۞ ایامِ اسلام (۱۲ ماہ اسلامی فضائل)

تصنیف ۞ امامِ اہل سُنت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ

ترجمہ ۞ مولانا علامہ مفتی غلام معینُ الدین نعیمی قدس سرہٗ

تصحیح ونظر ثانی ۞ مولینا حافظ محمد ابراہیم فیضی

مطبع ۞ ہاشم اینڈ حماد پرنٹرز، لاہور

الطبع الاوّل ۞ محرم الحرام ۱۴۲۳ھ / مارچ ۲۰۰۲ء

ہدیہ ۞ -/66 روپے

ناشر

فرید بُک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اُردو بازار لاہور

فون نمبر 042-7312173 ، فیکس نمبر 092-042-7224899

ای۔میل نمبر Email:info@faridbookstall.com

ویب سائٹ Visit us at : www.faridbookstall.com

لحاظ سے کم ہیں، لیکن مال تو زائل ہونے والا سایہ اور امر حائل ہے اور (سیدنا) محمد جس کی قرابت کو تم جانتے ہو، آپ نے حضرت خدیجہ بنت خویلد کو پیام نکاح دیا اور آپ کے مہر معجل و موجل کے بدلے میں میرے اتنے مال میں سے اتنا ادا کیا جائے۔ خدا کی قسم! اس کے بعد آپ کے لیے بناء عظیم اور حشمت رفیع ہے۔

اور جب آپ کی عمر شریف چالیس (۴۰) سال کی ہوئی ور ایک قول میں چالیس (۴۰) دن یا دس (۱۰) دن یا دو (۲) مہینے اُوپر ہوئے تو پیر کے دن رمضان المبارک کی سترہ (۱۷) تاریخ یا چوبیس (۲۴) تاریخ، اور ابن عبدالبر کہتے ہیں کہ پیر کے دن ۸ ربیع الاوّل ۴۱ھ حادثۂ فیل کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپ کو رحمتہ للعالمین اور تمام جن و انسان کی طرف رسول بنایا اور آپ کے مرتبہ کو رفعت دی، آپ کے ذکر کو سارے جہان میں بلند کیا، اس کے بعد آپ مکہ مکرمہ میں تیرہ (۱۳) سال رہے۔ آپ نے جہاد فی سبیل اللہ کیا اور مخلوق کو دعوتِ اسلام دی، اور جہان کو ایمان و یقین کے نور سے منور فرمایا۔ چونکہ آپ کی بعثت کی حکمت ہی یہ تھی کہ مخلوق کو ہدایت ہو، اور عمدہ اخلاق کے پیکر بن جائیں اور دین اسلام کی بنیادیں کامل ہو جائیں۔ جب یہ تمام باتیں حاصل ہوگئیں اور یہ مقصود پورا ہوگیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنی طرف اعلیٰ علیین میں اُٹھا لیا اور اللہ تعالیٰ نے تریسٹھ (۶۳) سال کی عمر شریف میں ظاہری مدت حیات پوری فرما دی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیٰ آلہ وصحبہ واتباعہ واحزابہ اجمعین۔

باب دوم : بیان وفات میں

"اس باب میں ہم وہ خبریں بیان کریں گے جو حضور کے اول و آخر کے حال میں ہیں۔ اللہ ہی توفیق دینے والا ہے۔"

وصال شریف سے ایک ماہ قبل جو واقعات رونما ہوئے یہ ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ہمارے نبی مکرم، محبوب معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے میرے ماں باپ اور میری جان آپ پر قربان ہو،